فورم کے پہلے باضابطہ اجلاس کا دعوت نامہ

باسمہ سبحانہ

بگرامی خدمت زید لطفکم

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ مزاج گرامی؟

گزارش ہے کہ کافی عرصہ سے اس امر کی ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ اسلام اور مسلمانوں کے بارے میں مغربی میڈیا اور اسلام دشمن لابیوں کے معاندانہ پراپیگنڈہ کا سائنٹفک انداز میں جائزہ لیا جائے اور اس کے توڑ کے لیے منظم کام کیا جائے نیز یورپ میں مقیم مسلمانوں بالخصوص مشرقی یورپ کے کمیونزم سے آزاد ہونے والے ممالک کی مسلم اقلیتوں کی دینی ضروریات کا حقیقت پسندانہ جائزہ لے کر اس کے مطابق ضروری لٹریچر کی اشاعت و تقسیم کا اہتمام کیا جائے۔ اس مقصد کے لیے چند اصحاب فکر ۲۲ نومبر ۱۹۹۳ء کو لیٹن سٹون لندن میں جناب الحاج غلام قادر صاحب کی رہائش گاہ پر جمع ہوئے اور حضرت مولانا مفتی عبد الباقی صاحب مدظلہ العالی کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ مذکورہ بالا مقاصد اور دیگر متعلقہ دینی ضروریات کے لیے "ورلڈ اسلامک فورم" کے نام سے ایک ادارہ تشکیل دیا جائے' اجلاس میں ورلڈ اسلامک فورم کے کنوینر کی ذمہ داریاں راقم الحروف کے سپرد کی گئیں اور طے پایا کہ فورم کا پہلا مشاورتی اجلاس ۵ دسمبر ۹۳ء بروز ہفتہ شام چار بجے ختم نبوت سنٹر' ۳۵ اسٹاک ویل گرین' لندن میں ہو گا جس میں فورم کے پروگرام اور تنظیمی ڈھانچے کو حتمی شکل دی جائے گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ "فورم" کو باضابطہ جماعت کی حیثیت نہیں دی جائے گی اور مذکورہ بالا مقاصد اور پروگرام سے اتفاق اور دلچسپی رکھنے والے تمام دینی حلقوں اور جماعتوں کے ساتھ یکساں تعلقات اور باہمی مشاورت و معاونت کی بنیاد پر "ورلڈ اسلامک فورم" کے مشن کو آگے بڑھایا جائے گا' ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ۵ دسمبر کے کنونشن میں آنجناب کی شرکت از حد ضروری ہے۔ ازراہ کرم اس پروگرام کے بارے میں اپنی رائے گرامی سے آگاہ فرمائیں اور کنونشن میں شرکت فرما کر مشکور ہوں۔ امید ہے کہ آنجناب کے مزاج بعافیت ہوں گے۔ والسلام

ابو عمار زاہد الراشدی' کنوینر ورلڈ اسلامک فورم

C/O ختم نبوت سنٹر لندن

(۲۳ نومبر ۱۹۹۳ء)